Maulana Azad National Urdu University

M.A. Urdu, III Semester Examination - December - 2017

Paper : MAUR302CCT : Zaraye Iblagh aur Tarjuma

پرچہ : ذرائع ابلاغ وترجمہ

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

(i) اخبار کے اجزائے ترکیبی میں سے نہیں ہے۔

(a) اداریہ (b) نامہ نگار (c) خبر نگاری (d) سرخیاں

(ii) سرخیوں کے اقسام میں سے نہیں ہے۔

(a) کراس لائن (b) ڈراپ لائن (c) اسٹریٹ لائن (d) ہینگنگ انڈنیشن

(iii) ریڈیو ڈاکیومنٹری ایسا پروگرام ہے جس میں

(a) خیالی قصے کہانیاں پیش کیے جاتے ہیں (b) اس میں تفریح اور معلومات دونوں مہیا کرائے جاتے ہیں

(c) نغمہ اور موسیقی کو سنایا جاتا ہے (d) معلومات پر منحصر سوال و جواب ہوتے ہیں۔

(iv) ریڈیو تحریر ہونی چاہیے۔

(a) طویل (b) پیچیدہ (c) جامع اور عام فہم (d) رنگین عبارت سے مزین

(v) دوردرشن کے لیے سلور جوبلی کا سال تھا؟

(a) 1982 (b) 1984 (c) 1988 (d) 1990

(vi) 'فن ترجمہ نگاری' کس کی تصنیف ہے؟

(a) ڈاکٹر قمر رئیس (b) نثار احمد قریشی (c) ڈاکٹر خلیق انجم (d) اعجاز راہی

(vii) قرآن مجید کا پہلا اردو ترجمہ کس نے کیا؟

(a) شاہ ولی اللہ (b) شاہ رفیع الدین (c) شاہ عبدالقادر (d) شاہ عبدالعزیز

(viii) دارالترجمہ جامعہ عثمانیہ کب قائم ہوا؟

(a) 1917 (b) 1918 (c) 1919 (d) 1920

(ix) Outstanding Scientist کا ترجمہ ''باہر کھڑا ہوا سائنس داں'' کس طرح کا ترجمہ ہے۔

(a) تخلیقی ترجمہ (b) آزاد ترجمہ (c) بامحاورترجمہ (d) لفظی ترجمہ

(x) کس متن کا ترجمہ سب سے مشکل سمجھا جاتا ہے؟

(a) قانونی (b) فلسفیانہ (c) شعری (d) سائنسی

حصہ دوم

2- اخبار کے اجزائے ترکیبی کا مختصر تعارف کرایے؟

3- خبر کی تعریف کیجیے اور اس کے اجزا کی وضاحت کیجیے۔

4- ریڈیو ڈاکیومنٹری اور فیچر سے کیا مراد ہے؟ دونوں کے فرق کو واضح کیجیے۔

5- فلموں کا اردو سے کیا رشتہ ہے؟ تفصیل سے واضح کیجیے۔

6- اصطلاح سازی کے بارے میں اپنی معلومات کا اظہار کیجیے۔

7- ترجمہ کے اغراض ومقاصد بیان کیجیے۔

8- مترجم کو کن اوصاف کا حاصل ہونا چاہیے؟ بیان کیجیے۔

9- ترجمہ کے تہذیبی مضمرات پر اظہار خیال کیجیے۔

حصہ سوم

10- موجودہ دور میں صحافت کی اہمیت وافادیت کا تفصیلی ذکر کیجیے۔

11- ریڈیو نشریات کے درج ذیل اصناف پر مختصر نوٹ لکھیے۔

(a) ریڈیو ڈراما

(b) ریڈیو ڈاکیومنٹری

12- ہندوستان میں ٹیلی ویژن کے آغاز وارتقا پر روشنی ڈالیے۔

13- ترجمہ کی تعریف کیجیے اور اس کی اہمیت پر روشنی ڈالیے۔

14- اردو میں ترجمے کی روایت کا جائزہ لیجیے۔

☆☆☆